# نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment


## پریس ریلیز

**صوبائی وزیر زراعت پنجاب حسین جہانیاں گردیزی کی زراعت ہاؤس لاہور میں کپاس کی موجودہ صورتحال اور آئندہ لائحہ عمل کے لئے منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت**

**کپاس ملکی معیشت کے لئے نہایت اہم ہے۔کپاس کے کاشتکاروں کی راہنمائی کی جائے اور آئندہ فصل کے لئے بیج و دیگر زرعی مداخل کے انتظام کی بہتر پلاننگ کی جائے۔صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی**

**لاہور26 ستمبر 2022:** کپاس کی زیادہ پیداوار ملکی معیشت کے لئے نہایت اہمیت کی حامل ہے۔اس مرحلہ پر کپاس کے کاشتکاروں کی صاف چنائی و دیگر اُمور پر راہنمائی کرنے کے ساتھ آئندہ فصل کے لئے بیج و دیگر زرعی مداخل کے انتظام کی بہتر پلاننگ کی جائے یہ بات صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے زراعت ہاؤس لاہور میں کپاس کی موجودہ صورتحال اور آئندہ فصل سے متعلق لائحہ عمل کے لئے منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں صوبائی وزیر زراعت کو بریفنگ دیتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر انجم علی نے بتایا کہ امسال صوبہ پنجاب میں 36لاکھ 70 ہزار ایکڑ پر کاشت کی گئی جس سے اب تک 57لاکھ گانٹھ کا حصول ہوا ہے۔سیلاب وقدرتی آفات کے باعث کپاس کے زیر کاشت 2لاکھ 35ہزار ایکڑ رقبہ کونقصان ہوا۔امسال کپاس کی فصل صوبہ پنجاب میں 16فیصد زیادہ رقبہ پر کاشت ہوئی جس سے 17 من فی ایکڑ پیداوار کا حصول ہوگا جبکہ گزشتہ برس 19من فی ایکڑ کپاس کا حصول ہوا تھا۔وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کے کپاس کی فصل پر کیڑوں و بیماریوں کے حملہ سے متعلق استفسار پر بتایا کہ امسال کپاس کی فصل پر آرمی ورم کا حملہ نسبتاً کم ہوا ہے جبکہ سفید مکھی،گلابی سنڈی و دیگر کیڑوں کا حملہ بھی گزشتہ سال کی نسبت کم رہا ہے کیونکہ آئی پی ایم پر عملدرآمد یقینی بنایا گیا اور بہتر نتائج حاصل ہوئے ہیں۔اس پر صوبائی وزیر نے آئی پی ایم ٹیکنالوجی کے موجودہ کپاس کی فصل پر نتائج کے حوالے سے ایک جامع رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب نے کہا کہ کپاس کی آئندہ فصل سے بہتر پیداوار حاصل کرنے کے لئے کاشتکاروں کو معیاری بیج کی فراہمی ایک بڑا چیلنج ہے۔ہمارے ملک میں کپاس کی پیداوار میں کمی کی بڑی وجوہات میں سے محکمہ زراعت کی منظور شدہ اقسام کے معیاری بیج کا استعمال نہ ہونا شامل ہے۔اس کے علاوہ وزیر زراعت نے میڈیا وینز کے ذریعے کپاس کے کاشتکاروں کو شام 6 بجے کے بعد جدید توسیعی سروسز و آگاہی پروگرام کرنے کی ہدایت کی۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل،ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر انجم علی،ڈائریکٹر جنرل زراعت (ریسرچ) محمد نواز خان میکن،ڈائریکٹر جنرل زراعت (پیسٹ وارننگ) رانا محمد فقیر احمد،ڈائریکٹر نظامت زرعی اطلاعات پنجاب محمد رفیق اختر سمیت دیگر اعلیٰ افسران و اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔

☆☆☆☆